سوال

کیاسب احادیث پر وثوق ممکن ہے ؟

جواب

الحمدللہ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کردہ احادیث میں سے جو صحیح احادیث ہیں ، انہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف منسوب کرنے میں کوئی شک نہیں ، اور جواحادیث ضعیف ہیں انہیں نبی صلی اللہ کی طرف منسوب کرنے میں شک ہے ۔

اہل علم پر صحیح اور ضعیف احادیث کوئی مخفی نہیں ہیں ، ایسی کتب بھی تصنیف کی گئ ہیں جوکہ صرف احادیث صحیحہ پر مشتمل ہیں مثلا صحیح بخاری اور صحیح مسلم ، اورکچھ ایسی کتب بھی ہیں جن میں صحیح اور غیر صحیح دونوں پائی جاتی ہیں جیساکہ باقی کتب احادیث ہیں ۔

احادیث صحیحہ کی تمیز اور پہچان کے سلسلے میں علماء کرام کی بہت ساری کوششیں اور کاوشیں ہیں جیساکہ یہ معاملہ علوم حدیث کے ماہر علماء کوچھوڑکر ابتدائی طلاب پر بھی مخفی نہیں ۔